ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن کے بزرگ کارکن عبدالحنیف کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔23، مئی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن یونٹ 5 کے بزرگ کارکن عبدالحنیف کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

ایم کیوایم یوسی 8 سائٹ کے کارکن کے والد اور سرجانی ٹاؤن کے بزرگ کارکن کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔23، مئی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے بزرگ کارکن عبدالحنیف اور ایم کیوایم یوسی 8 سائٹ کے کارکن ہمایوں کے والد امیر خالق کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔(آمین)

روزنامہ جنگ شعبہ میگزین کے کارکن محمد اسلم خان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔23 مئی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے روزنامہ جنگ کے شعبہ میگزین کے کارکن محمد اسلم خان کے والد عبدالمنان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین) علاوہ ازیں ایم کیوایم میڈیا کمیٹی کے ارکان نے بھی محمد اسلم خان کے والد عبدالمنان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

ایم کیوایم صوبہ سرحد کی صوبائی کمیٹی اور تمام ضلعی کمیٹیاں تحلیل کر دی گئیں، چار رکنی نگراں کمیٹی قائم کر دی گئی

پشاور۔۔23 مئی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ایک فیصلہ کے تحت ایم کیوایم صوبہ سرحد کی صوبائی کمیٹی اور صوبہ سرحد کی تمام ضلعی کمیٹیاں تحلیل کر دی گئی ہیں۔اس فیصلہ کا اعلان ایم کیوایم سرحد، بلوچستان، پنجاب اور آزاد کشمیر کی کنٹیکٹ کمیٹی (Contact Committee) کے ارکان، عبدالوسیم، یاور جمیل اور محمد رفیق نے پشاور میں ایم کیوایم صوبہ سرحد کے کارکنوں کے اجلاس میں کیا۔رابطہ کمیٹی کے فیصلے کے مطابق صوبے کے تنظیمی معاملات کو چلانے کیلئے ایک چار رکنی نگراں کمیٹی قائم کر دی گئی ہے جس میں اسلم آفریدی، زبیر انجم، محمد علی اور جنید قریشی شامل ہیں۔

اے پی ایم ایس او کے کارکن گبول عدنان کو مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کے شدید زخمی کر دیا
واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کے قرار واقعی سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔23 مئی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اے پی ایم ایس او جامعہ کراچی یونٹ کے کارکن عدنان گبول کو مسلح دہشت گرد کی فائرنگ سے زخمی کرنے کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اس واقعہ میں ملوث افراد کو گرفتار کر کے سخت ترین سزا دی جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عدنان گبول جمعرات کی شب ٹیوشن پڑھا کر اپنے گھر واپس آرہے تھے کہ صفورہ چورنگی کے قریب مسلح دہشت گردوں نے ان پر فائرنگ کر دی جس سے وہ شدید زخمی ہو گئے انہیں فوری طور پر مقامی اسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں ان کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ امن دشمن عناصر کراچی کے امن کو غارت کرنے پر تلے ہوئے ہیں اور گبول عدنان کو فائرنگ کے شدید زخمی کرنے کا واقع بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور وزیر داخلہ سندھ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ گبول عدنان پر فائرنگ کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے گبول عدنان کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے بھی دعا کی۔

☆☆☆☆☆